ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(12)

مورخہ 06.01.24

بہاولپور(　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ سال 2023 میں بہاولپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 845 ملزمان کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کیا۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرائم پیشہ افراد کا تعاقب کیا جا کر انکو کیفر کردار تک پہنچانے کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے، ڈی پی او سید محمد عباس کی افسران کو ہدایت

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے جدید ٹیکنالوجی پر زور دیا۔ اسی سلسلے میں جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ سال میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 845 مقدمات درج رجسٹرڈ کیئے اور گرفتار 845 ملزمان کے قبضہ سے کلاشنکوف 07، رائفل 39، بندوق/ رپیٹر 77 عدد، کاربین 18، ریوالور 63 عدد، پسٹل 30 بور 674 عدد اور 7151 راوند برآمد کیئے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، جدید تکنیکی استعارات کا استعمال جرم کو ہونے سے پہلے روک سکتا ہے۔ جرائم پیشہ افراد کی نقل و حرکت کو مانیٹر کیا جا کر انکو انجام تک پہنچایا جائے جس کے وہ مستحق ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ میں تعینات افسران کی کارکردگی کا جائزہ ان کی طرف سے مجرموں کے گرفتاریوں اور عوام الناس کو دیئے گئے ریلیف سے لگایا جاتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ سال 2023 میں بہاولپور پولیس کی اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، اسلحہ ناجائز و ایمونیشن برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(13)

مورخہ 06.01.24

بہاول پور(   )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار۔ لاکھوں مالیت کے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور مئوثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 02 کس ملزمان اشتیاق اور ساجد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ 07 عدد موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔ برآمدشدہ موٹر سائیکل ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کئے جا رہے ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار، لاکھوں مالیت کے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (14)

06.01.24

بہاول پور (   ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائیاں، صدر بہاولپور پولیس نے دو مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا، ملزمان پابند سلاسل ۔معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی ایک پرامن معاشرے کی ضمانت ہے، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں کے احکامات کے تحت تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی قمار بازوں کے خلاف بڑی کارروائیاں کیں۔ لبانہ چوک اور ارشد ٹان میں جوا کھیلتے ہوئے 10 ملزمان عبدالطیف، طلعت، طارق، عبدالکریم، افضل، عالم شاہ، عارف، قاسم، طاہر اور جمشید کو گرفتار کر کے داو پر لگی رقم مبلغ چالیس ہزار روپے اور تاش کے پتے قبضہ پولیس میں لے لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا انہوں نے مزید کہا کہ معاشرتی برائیوں کا خاتمہ ہی ایک پرامن معاشرے کی ضمانت ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائیاں، دو مختلف کارروائیوں میں متعدد جواری داؤ پر لگی رقم سمیت پولیس حراست میں